بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبہ نستعین

اداریہ

ماہ صیام، عبادات ومعاملات اور قبولیتِ دعاء

اللہ تبارک وتعالی کے فضل وکرم سے ایک بار پھر ماہ صیام کی آمد نصیب ہورہی ہے۔رمضان المبارک کے ایام میں عبادات پر عام دنوں سے زیادہ توجہ مرکوز رہتی ہے غالبا اس کا سبب قرآن وسنت میں مذکور اس ماہ کی عبادات پر اجر میں خاص اضافہ کی نویدیں، اور قید شیاطین کی ڈھارس ہے، مساجد کو اس ماہ میں آباد دیکھ کر دل باغ باغ ہوتا ہے۔لیکن یہ خوشی اس وقت کافور ہوجاتی ہے جب شہر میں قتل وغارت گری کی خبریں سن اور پڑھ کر دماغ ماؤف ہونے لگتا ہے، الٰہی یہ کیا ماجرا ہے کہ مسجدیں آباد ہیں ،عبادت عروج پر ہے ،لیکن معاملات تقریبا جوں کے توں ہیں، حالانکہ معاملات کے بارے میں بھی قرآن نے بڑی صراحت کے ساتھ ہدایات دی ہیں۔ یہاں تک کہ **من لم یدع قول الزور والعمل به فلیس لله حاجة فی ان یدع طعامه وشرابه** یعنی روزہ دار اگر جھوٹ بولنے اور غلط کام کرنے سے باز نہ آئے تو اللہ تعالی کو اس کے بھوکا پیاسا رہنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ ﴿سننِ ترمذی﴾

مگر ایسے صریح احکامات کے باوجود ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس بار بھی رمضان المبارک میں جھوٹ ،بہتان، اور غیبت میں کوئی کمی نہیں آئی ہر روز اخبارات بڑے بڑے لیڈروں، سرکاری اہل کاروں اور سربراہانِ مملکت کے جھوٹ اور بہتان جلی سرخیوں کے ساتھ شائع کررہے ہیں۔افطار پارٹیوں اور افطار ڈنرز پر غیبت عام ہے۔شرم وحیا کا عالم یہ ہے کہ کبھی خواتین کم از کم رمضان میں سرڈھانپ کر چلا کرتی تھیں اب وہ بھی مفقود ہے۔ٹی وی پر تو جیسے ننگے ہونے کا مقابلہ چل رہا ہے۔کسی خاتون کا سر ننگا ہے تو کوئی بازو اور سینہ ننگا کیے ہوئے ہے، کسی کا لباس تو پورا ہے مگر اس سے بدن پوری طرح جھلک رہا ہے۔گفتگو میں کوئی حیا پیدا نہیں ہوئی، بلکہ بعض ٹی وی چینل تو پہلے سے زیادہ فحش پروگرام نشر کررہے ہیں۔

قتل وغارت گری میں کوئی فرق نہیں پڑا، قاتلانہ حملوں میں کئی لوگ مارے جاچکے ہیں چوریاں

اورڈاکے بھی حسب معمول عام ہیں ۔جب کہ ابھی (تادم تحریر) ماہ صیام کا پہلا عشرہ چل رہا ہے۔ حاکم صالح نہ ہوتو قوم کا بگاڑ کوئی طاقت روک نہیں سکتی ۔مبلغ اور واعظ بے چارہ تو بس وعظ ہی کرسکتا ہے اوراس وعظ کو سننے والے طوعا وکرھا اگر چہ سر جھکائے اسے سن لیتے ہیں مگر گھر کا ماحول وہ بھی تبدیل نہیں کر سکتے کہ وہاں حکمرانی میڈیا کی ہے۔

سنا ہے ماہ مبارک میں دعائیں زیادہ قبول ہوتی ہیں اورقبولیت کی خاص گھڑیوں میں تو امید قبولیت اور بھی بڑھ جاتی ہے، قارئین سے ہماری گزارش ہے کہ وہ اس مبارک ماہ میں قوم کے لئے صالح امراء طلب کریں جوخود صالح ہوں اور صالح معاشرہ کے قیام کی طرف عملی اقدامات جراءت کے ساتھ کرسکتے ہوں ۔ وہ صالح امراء کے انتخاب کی اپنے رب سے توفیق اورنصرت طلب کریں۔

ہم نے سنا ہے کہ اس ماہ میں توبہ قبول ہوتی ہے، پوری قوم کواپنے کرتوتوں پرتوبہ کرنی چاہئے اوراللہ رب العالمین سے یہ عہد کرنا چاہئے کہ آئندہ عام انتخابات میں (اگر ہوئے اور آزادانہ ومنصفانہ ہوئے تو) ہم صرف صالح لوگوں کے ہاتھ میں مہامِ اقتدار دیں گے۔

ماہ صیام کی آمد سے چندروز قبل لاہور کی معروف مذہبی شخصیت، عالم اسلام کے بطل جلیل ،اہل سنت کے مایہ ناز بزرگ عالم، حضرت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری انتقال فرما گئے ،موصوف متعدد کتب کے مصنف ومولف تھے،ان کی علمی خدمات پر پی ایچ ڈی کیا جانا چاہئے۔ ان کے انتقال کے تیسرے روز جامعہ اسلامیہ لاہور میں ان کی یاد میں منعقدہ ایک تقریب تعزیت میں شرکت کا موقع ملا، علما کا انبوہ کثیر تھا ہر آنکھ پرنم تھی، ہرکوئی مرحوم سے اپنے تعلق کو بیان کررہا تھا اورخدمات کوسراہ رہا تھا، راقم نے اپنی گفتگو میں تجویز پیش کی کہ آنسو بہانے اور مسجع ومقفع تعزیتی کلمات سے خراج تحسین پیش کرنے کی اس عبادت کے ساتھ ساتھ فقہ المعاملات کا باب وا کریں اور عملا ان کی یاد میں ہر دینی مدرسہ کی لائبریری میں ان کے نام سے گوشہ شرف ملت قائم کریں ،جس میں مرحوم کی تالیفات اور موصوف پر لکھی جانے والی کتب رکھی جائیں ۔ یہ کام ان مدارس میں بآسانی ہوسکتا ہے جہاں ان کے تلامذہ مہتمم یا انتظامیہ کا حصہ ہوں ۔اللہ تبارک وتعالی حضرت علاہ عبدالحکیم شرف قادری کی مغفرت فرمائے اوراپنی شان کے مطابق اپنے سچے دین کے اس مخلص خادم کے درجات بلند فرمائے۔

(ایں دعاء ازمن جملہ جہاں آمین باد)

☆اللھم انی لک صمت وبک آمنت وعلیک توکلت وعلی رزقک افطرت ☆

رطب ویابس

ڈاکٹر نور احمد شاہتاز صاحب کا نیا مجموعہ مقالات شائع ہو گیا

جس میں درج ذیل عنوانات پر مضامین ومقالات شامل ہیں

قرآن وسیرت پر مضامین

اعجاز القرآن ☆ قرآن غیر مسلموں سے نفرت کا درس نہیں دیتا

نبی اکرم ﷺ بحیثیت حکم و قاضی ☆ نقش نعلینِ رسولِ اکرم ﷺ کی برکات

فقہی مضامین

اسلامی نظامِ حدود و تعزیرات کی حکمت ☆ رحم کرایہ پر لینے کی شرعی حیثیت

شکاگو تحریک اور شہادت کے تقاضے ☆ رمضان المبارک تاریخی تناظر میں

نماز تراویح چند توجہ طلب پہلو ☆ تعداد رکعاتِ تراویح میں

اختلاف کی حیثیت ☆ ماہِ رجب کی مذہبی و تاریخی اہمیت

شخصیات وبلاد پر مضامین

علامہ ابن سلام ہروی ☆ حضرت مجدد الف ثانی کے فقہی افکار و نظریات

☆ جنگ آزادی ۵۷ ۱۸ اور مولانا فضل حق خیر آبادی

علامہ محمد ابو زہرہ مصری ☆ الشیخ علی طنطاوی ☆ علامہ الشیخ عبد الفتاح ابو غدہ

ڈاکٹر عبد الجواد خلف ☆ جہد مسلسل کی کہانی ☆ برونئی..... وینزویلا ☆ سلطنت عمان

مختلف النوع مضامین

انسانیت کی پستی ☆ مقصد تخلیقِ پاکستان ☆ عربی مدارس کے لاکھوں طلبہ سوال کرتے ہیں

☆ دینی مدارس میں درجہ بندی کا نقصان ☆ نظامِ تعلیم ایک جائزہ ☆ جنگِ خلیج کے خفیہ گوشے

☆ کیا سعودی عرب کا سیاسی بحران ٹل گیا؟ ☆ تہذیب آگہی

☆ زوال امت مسلمہ یا آزمائشِ ما۔